PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

# توجہ دلاؤ نوٹس

میں وزیر برائے محکمہ قانون و پارلیمانی اُمور کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ وہ یہ کہ ضابطہ دیوانی اور نارکاٹکس ایکٹ میں ترامیم کے خلاف خیبر پختونخواہ کے وکلاء کا احتجاج جاری ہے اور چھٹے روز میں داخل ہو گیا ہے لیکن ابھی تک حکومت نے کوئی مثبت اقدام نہیں اُٹھایا ہے۔ مذکورہ ترمیمات کے خلاف خیبر پختونخواہ بار کونسل اور پشاور ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن سمیت دیگر وکلاء تنظیموں نے احتجاج کی کال دے رکھی ہے۔ جنھوں نے قبل ازیں مختلف موقعوں پر احتجاج اور عدالتی بائیکاٹ کیا اور حکومت کو ترمیم پر نظر ثانی کے لئے ڈیڈ لائن بھی دی تھی لیکن حکومت کی سرد مہری کے باعث احتجاج ابھی تک جاری ہے۔ جس کے باعث پشاور ہائیکورٹ سمیت صوبے کے تمام ماتحت عدالتوں میں وکلاء عدالتوں میں پیش نہیں ہورہے ہیں جس کی وجہ سے بیشتر مقدمات پر کاروائی نہیں ہو پا رہی ہے اور کیسز پر سماعت ملتوی کردی جاتی ہے اور اس طرح آج بھی عدالتی بائیکاٹ کے باعث بیشتر مقدمات پر کاروائی نہیں ہو سکے گی۔ اس صورتحال کے باعث سائلین کو سخت مصائب کا سامنا ہے۔

اِدھر صوبائی حکومت کی جانب سے بھی قوانین واپس لینے یا ان میں ترمیم سے متعلق سرد مہری کا مظاہرہ کیا جا رہا ہے۔

لہٰذا یہ اہم مفادِ عامہ کا مسئلہ ہے اور حکومت کو چاہئے کہ بلا تاخیر اس مسئلے کو حل کیا جائے ورنہ مزید احتجاج میں شدت لائے جانے کا امکان ہے۔

خوشدل خان ایڈوکیٹ

ایم پی اے پی کے 70 پشاور V

Process please

13/01/2020

Notice office!

**CALL ATTENTION NOTICE**

Session No. 10th

Notice No. 926

Received Time: 1:10

Received Date 13/1/2020

From Mr. / Ms. خوشدل خان ,MPA

Receiver Sign: